الحمد للہ رب العلمین و الصلوۃ و السلام علی سید المرسلین اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم

النحو الواضح (ماڈل پیپر)

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: کم، حیث، امس ---------- ہیں۔

(الف) معرب (ب) مبنی (ج) مشابہ مبنی (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 2: اِجلس ---------- ہے۔

(الف) جملہ مرکبہ مِن کلمتین (ب) کلمہ واحدہ (ج) دونوں (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 3: جمع کی ---------- اقسام ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 5 (د) تمام

سوال نمبر 4: حتیٰ کے بعد اَن مضمرہ ---------- پوشیدہ ہوتا ہے۔

(الف) وجوباً (ب) جوازاً (ج) دونوں (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 5: ہر وہ اسم معرب جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ---------- ہو۔

(الف) اسم منقوص (ب) اسم مکسور (ج) دونوں (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 6: فعل مضارع مرفوع ہوتا ہے جب اس سے پہلے ---------- نہ ہو۔

(الف) حروفِ جارہ (ب) حروفِ مشبہ بالفعل (ج) حروفِ ناصبہ و جازمہ (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 7: اَصبح ---------- جائعاً۔

(الف) حصانَ (ب) الحصانُ (ج) الحصانِ (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 8: لم، لمّا ---------- حروف سے تعلق رکھتے ہیں۔

(الف) حروفِ ناصبہ (ب) حروفِ جازمہ (ج) جارہ (د) تینوں

سوال نمبر 9: یَرِیدُونَ ----------

(الف) ضَرَبَ (ب) ضربوا (ج) ضربن (د) ضربنا

سوال نمبر 10: فعلِ مضارع نونِ نسوہ کے ساتھ ---------- ہوتا ہے۔

(الف) مبنی علی الفتح (ب) مبنی علی الفتح (ج) مبنی علی السکون (د) معرب

سوال نمبر 11: تَفَتَّحَتِ الوَرْدَةُ ----------

(الف) الجمیلةُ (ب) الجمیلةَ (ج) الجمیلُ (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 12: مُجتَہِد کی جمع ہے ----------

(الف) اجتہاد (ب) مجتہدون (ج) مجتہدات (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 13: لم فعلِ مضارع کو ---------- ہے۔

(الف) جزم (ب) رفع (ج) نصب (د) جر

سوال نمبر 14: رفع و نصب ---------- کی اعرابی حالتیں ہیں۔

(الف) فقط اسماء کی (ب) فقط افعال کی (ج) اسماء اور افعال دونوں کی (د) کسی کی نہیں

سوال نمبر15: ہر وہ جملہ جو فعل و فاعل سے مرکب ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(الف) جملہ فعلیہ (ب) جملہ اسمیہ (ج) جملہ انشائیہ (د) کوئی نہیں

سوال نمبر16: مبنی کی تعداد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 4 (د) 6

سوال نمبر17: تمام حروف۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہیں۔

(الف) معرب (ب) مبنی (ج) مشابہ مبنی (د) کوئی نہیں

سوال نمبر18: فَرِیدٌ یَجْرِیْ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ الشَّارِعُ۔

(الف) فی (ب) علیٰ (ج) عن (د) من

سوال نمبر19: یَاْکُلُ الثَّعْلَبُ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(الف) الدجاجُ (ب) الدجاجَ (ج) الدجاجِ (د) تینوں

سوال نمبر20: اضحیٰ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کثیفاً

(الف) الغمامُ (ب) الغمامِ (ج) الغمامَ (د) کوئی نہیں

سوال نمبر21: ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کا مضارع اور امر نہیں آتا۔

(الف) اصبح (ب) لیس (ج) اضحیٰ (د) تینوں

سوال نمبر22: قشرتُ الفاکھۃُ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(الف) من السکین (ب) بالسکین (ج) دونوں (د) کوئی نہیں

سوال نمبر23: یَاْتِی السمک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ البحر

(الف) مِن (ب) بِ (ج) فی (د) علیٰ

سوال نمبر24: لَعِبَ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(الف) فاطمات (ب) زیدون (ج) دونوں (د) کوئی نہیں

سوال نمبر25: لَمَعَ، عَوَی، سقط۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہیں۔

(الف) فعل ماضی (ب) فعل مضارع (ج) فعل امر (د) فعل نہی

حصہ انشائیہ

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر1: تین جملے ایسے لائیں جن کا موضوع 'الفارۃ' ہو۔

سوال نمبر2: اسم منقوص کی تعریف کریں۔

سوال نمبر3: تین اسمیہ جملے ایسے لائیں کہ ان میں سے ہر ایک میں فعلِ مضارع مرفوع تثنیہ کے الف کے ساتھ متصل ہو۔

سوال نمبر4: درج ذیل مفردات کی مناسب جمع لائیں۔ صفحۃ، اسد، طریق

سوال نمبر5: درج ذیل افعال میں سے ہر ایک کا فاعل و مفعولِ بہ لائیں۔ یَاْکُلُ، یَرْکَبُ، قَطَعَ

سوال نمبر6: درج ذیل اسماء کی مناسب خبر لائیں۔ اَلقِطَّۃُ، الزھرۃ، اَلثَّوْرُ

سوال نمبر7: تین فعلیہ جملے ایسے لائیں کہ ان میں سے ہر ایک کا فاعل اسمِ موصول ہو۔

سوال نمبر8: خالی جگہ مناسب الفاظ سے پُر کریں نیز اعراب بھی لگائیں۔

لعل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جدیداً

تعلیمیالولدان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔النھر

البنت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔الوردۃ

سوال نمبر9: درج ذیل افعال سے اسم منقوص لا کر جملہ مفیدہ میں استعمال کریں۔ سعی، رضی، شفی

سوال نمبر10: الارض، الغرفۃ، القلم کے معربہ ہونے پر دلیل دیں۔

سوال نمبر11: ضمیر مستتر کی تعریف زینتِ قرطاس کریں۔

سوال نمبر12: فعل کی اقسام بصورتِ نقشہ تحریر کریں۔

سوال نمبر13: درج ذیل افعال معتل الآخر بالالف ہیں یا بالیاء؟یَسْعٰی، یُنَادِی، یَقْضِی

سوال نمبر14: تین جملے فعلیہ ایسے لائیں کہ ان میں سے ہر ایک میں مبتدا اور خبر معرفہ ہوں۔

سوال نمبر15: ضمیر کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر16: نائب الفاعل کی تعریف کریں۔

سوال نمبر17: دو فعلوں کو جزم دینے والے کوئی 3 حروف بیان کریں۔

سوال نمبر18: جمع مذکر سالم کے اعراب نقشہ کی صورت میں لکھیں۔

سوال نمبر19: مضاف مضاف الیہ کی تعریف سپردِ قلم کریں۔

سوال نمبر20: اسماء خمسہ بیان کریں۔

طویل سوالات(Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔(3x10=30)

سوال نمبر1: ضمائر کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں مکمل وضاحت بصورتِ نقشہ کریں۔

سوال نمبر2: افعالِ خمسہ کسے کہتے ہیں؟ نیز انکا صیغہ واعراب بصورتِ نقشہ بیان کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل اسماء مبنیہ کو جملہ مفیدہ میں اسطرح استعمال کریں کہ ایک بار محلِ رفع، ایک بار محلِ نصب اور ایک بار محلِ جر میں واقع ہوں۔ الّذی، طٰہٰ، آ، ھذہ

سوال نمبر4: درج ذیل اسماء میں سے ہر اسم کو فعل معتل الآخر کا فاعل بنائیے۔ (کوئی 5)

الماء۔ ذئب۔ حصان۔ الرجل۔ الطفل۔ الغنم

سوال نمبر5: درج ذیل اسماء کے لیے فعل ماضی لائیں اور ان اسماء کو فعل ماضی کا فاعل بنائیں (کوئی 5)

الدیک۔۔ المصباح۔۔ القط۔۔ الشاۃ۔۔ السارق۔۔ الباب

****